# نیوز لیٹر

جنوری ۲۰۲۲
جولائی ۲۰۲۳

Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

مدیران: حبیب الرحمٰن خان - یونس محی الدین - عبدالقدوس ہاشمی

## جنرل سیکرٹری کی ڈیسک سے:

موجودہ ایسوسی ایشن کو ذمہ داری لئے قریباً دوسال ہونے جارہے ہیں اور کچھ ہی مہینوں میں ہم دوبارہ ایسوسی ایشن کے نئے انتخابات کی طرف جائیں گے۔

میں پہلی دفعہ ایسوسی ایشن کا جنرل سیکرٹری منتخب ہوا اور ہر ممکن کوشش کی کہ مکین اور ممبران کی توقعات پر پورا اتروں، پھر بھی اگر کوئی کوتاہی ہوئی ہو تو معذرت خواہ ہوں۔



اس قلیل وقت میں موجودہ ایسوسی ایشن نے گزشتہ ایسوسی ایشن کے کیے جانے والے قابل تحسین کاموں کو مزید بہتر کرنے کا تسلسل جاری رکھا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ہماری سوسائیٹی خوب سے خوب تر کی جانب گامزن ہے۔

ہماری اجتماعی کاوشوں سے صفائی کے نظام میں بہتری لائی گئی۔
حفاظتی نظام کو مزید موثر بنایا گیا۔ بہتر سیکیورٹی ایجنسی کے ساتھ معاہدہ کیا گیا۔ عید کی نماز کے بہتر انتظامات کی کوشش کی گئی۔
اسٹریٹ لائٹ کی بروقت درستگی کے لئے ٹیم تشکیل دی گئی جس نے سونپی گئی زمہ داری کو پورا کیا ایچ پارک وفیملی پارک کو اور مزید بہتر کیا گیا۔ میں امید رکھتا ہوں کہ ممبران ہمارا حوصلہ بڑھانے میں ہمیشہ کی طرح تعاون جاری رکھیں گے۔

منجانب: یونس محی الدین جنرل سیکرٹری

Designed and Printed by Creative Channel..03009295957

# ممبر کنٹونمنٹ بورڈ فیصل کا پیغام:



چار سال مسلسل جنرل سیکرٹری کی حیثیت سے اور سیز بنگلوز کے مکینوں کی فلاح کے لئے کام کرنے کے بعد دل میں خواہش بیدار ہوئی کہ اب ایک قدم اور آگے بڑھ کر اپنی سوسائیٹی کے لیے کچھ کیا جائے کیونکہ ان چار سالوں میں تجربہ ہوا کہ کنٹونمنٹ بورڈ سے کام لینے کے لئے منتخب کونسلر کی مدد بہت ضروری ہوتی ہے اور ہم چار سال تک اپنے علاقہ کے کونسلر کو ڈھونڈتے رہے اور صاحب ہاتھ نہیں لگتے تھے لہٰذا فیصلہ کیا کہ اس دفعہ خود کونسلر کا الیکشن لڑا جائے۔

ایک سیاسی جماعت کا پلیٹ فارم چُنا اور الیکشن میں باضابطہ حصہ لیا۔

الحمداللہ اور سیز بنگلوز اور لطیفی سوسائیٹی کے ساتھ کچھ اور قُرب وجوار کے رہائشیوں کی بھرپور حمایت اور رب کریم کے کرم سے ممبر کنٹونمنٹ بورڈ فیصل وارڈ 6 منتخب ہوگیا۔ میں خاص کر اور سیز بنگلوز کے مکینوں کا بہت ممنون ہوں جنہوں نے جوق در جوق نکل کر مجھے ووٹ دیا اور جتوایا۔

اس مختصر عرصہ میں کنٹونمنٹ بورڈ سے کافی کام کروائے گئے جسمیں اور سیز کے اندر کچھ بلاک کی گٹر لائن کی تبدیلی، روڈ کی استرکاری اور پارک کے لئے مالی وغیرہ کا بندوبست جیسے بڑے کام شامل ہیں۔

ابھی مزید بلاک کے روڈ کی استرکاری کی منظوری لی جا چکی ہے اور فنڈ کی دستیابی پر جلد اس پر کام شروع ہوجائے گا۔

صرف اور سیز نہیں بلکہ پورے وارڈ میں روڈ کی استرکاری کروائی گئی ہے۔ اسکے ساتھ علاقہ کی صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا گیا ہے اور جو گندگی کے ڈھیر پہلے لگے ہوتے تھے وہ اب ختم ہو چکے ہیں۔

آنے والے دنوں میں مزید ڈیولپمنٹ کے کام ہوتے نظر آئیں گے۔ کوشش ہوگی کہ اپنے وارڈ کو باقی وارڈ سے بہتر بنایا جائے۔ شکریہ:

آپکا اپنا۔ حبیب الرحمٰن خان

# کھیلوں کی سرگرمیاں:

رمضان کرکٹ ٹورنمنٹ۔

امسال رمضان کے مہینہ میں ایک بار پھر رمضان کرکٹ ٹورنمنٹ کا انعقاد کیا گیا جسمیں محلّہ کی 6 بہترین ٹیموں نے حصہ لیا جنکو مندجہ ذیل نام دیئے گئے اور ہر ٹیم کی منفرد ٹی شرٹ بنوائی گئی جس پر ٹیم کا نام درج تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| -اورسیز سلطان | -اورسیز وولفز | -اورسیز یونائٹڈ |
| -بلیک پینتھر | -پٹھان الیون | -شارک الیون |

ٹی شرٹ جن پر ٹیموں کے نام پیسٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے کرائے گئے تھے جبکہ اسکے مزید اسپانسر میں عامر J1 سعید خان C9 اور حید رصدیقی M12 شامل تھے۔

تمام میچ رات دس بجے ناک آوٹ کی بنیاد پر اپچ پارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں کھیلے گئے۔ کمینٹری کے لیے اچھے ساؤنڈ سسٹم کے ساتھ بہترین کمپیر یںگ کا بھی بندوبست کیا گیا تھا۔ شائقین کی ایک بڑی تعداد روزآنہ ان میچ کو دیکھنے آئی اور لطف اندوز









ہوئی۔ فائنل میچ اوورسیز سلطان اور بلیک پینتھر کے درمیان کھیلا گیا اور ایک دلچسپ و سنسنی خیز مقابلے کے بعد بلیک پینتھر نے میچ جیتا۔ جیتنے والی ٹیم کو ایسوسی ایشن کے صدر جناب فرحت علی خان اور دیگر ممبران کی جانب سے ونر ٹرافی اور رنر اپ ٹرافی و میڈل کھلاڑیوں میں تقسیم کیے گے، اسکے ساتھ ٹورنمنٹ کے بہترین بیٹسمین، باؤلر اور کھلاڑی کو بھی انعامات سے نوازا گیا۔

اسکے ساتھ بچوں کا بھی ٹورنامنٹ کروایا گیا جسمیں پندرہ سال تک کے بچوں نے شرکت کی۔ انکو بھی ٹرافی و انعامات سے نوازا گیا تاکہ انکی مزید حوصلہ افزائی ہوئی۔

اس سارے ٹورنمنٹ کو ہمارے ممبر جناب حیدر صدیقی نے ترتیب و منظّم کیا اور ہم انکی اس کوشش کو سراہتے اور داد دیتے ہیں۔ حیدر ہماری اسپورٹس کمیٹی کے رکن ہیں اور بہت محنت سے ایسے پروگرام کرواتے ہیں۔ انھوں نے حال ہی میں ایک ہارڈ بال کی ٹیم بھی بنائی ہے، جسکے میچ مختلف جگہ پر کھیلے جاتے ہیں اور اس میں زیادہ تر کھلاڑی اوورسیز بنگلور کے رہائشی ہیں۔ کیونکہ یہ ہمارے اوورسیز بنگلور کی ٹیم ہے لہٰذا ہم سب کو اس کو اسپانسر بھی کرنا چاہئے اور سپورٹ بھی۔

## اورسیز فٹبال کلب:

اوورسیز فٹبال بال کلب کی بنیاد سنہ ۲۰۰۳ میں افغان عارف کی زیر سرپرستی رکھی گئی۔ افغان عارف ہمارے مرحوم رہائیشی جناب جاوید عارف صاحب K17 کے صاحبزادے ہیں۔ افغان کے ساتھ محلّہ کے اور بھی بچے و نوجوان اس کلب کا حصہ ہیں۔



شروع میں اس کلب کو کچھ زیادہ کامیابیاں نہیں ملیں مگر رفتہ رفتہ ایک اچھی اور مناسب ٹیم بن گئی جسکے بعد سنہ ۲۰۱۲ میں اس کلب کو رجسٹر کروایا گیا۔ سنہ ۲۰۱۴ سے باضابطہ اس کلب نے پاکستان فٹبال فیڈریشن کے زیر اہتمام میچ کھیلنا شروع کیے اور کامیابیاں بھی ملنے لگیں۔ یہ کلب قریباً ڈیڑھ سو میچ کھیل چکا ہے اور ماشاءاللہ آدھے سے زیادہ میچ جیت چکا ہے یعنی کارگردگی بہترین رہی۔

سنہ ۲۰۱۸ میں ایچ پارک میں کراچی کی ۱۶ بہترین ٹیموں کا ٹورنامنٹ منعقد کرایا گیا جسمیں اوورسیز فٹبال کلب رنراپ رہا تھا۔

سنہ ۲۰۲۰ اوورسیز بنگلوز کی لڑکیوں کی ٹیم بنائی گئی اور ایک ٹورنامنٹ میں شرکت کی مگر کوئی خاص پرفارم نہ کرسکی۔

سنہ ۲۰۲۲ جنوری میں اورسیز اکیڈمی بنائی گئی جسمیں اورسیز کے بچوں کو شامل کیا گیا ہے تاکہ اگلے چار پانچ سال میں انہی بچوں سے ایک مضبوط ٹیم بنائی جائے۔

یہ کلب ہمارے اورسیز کی رونق ہے اور ہماری دعا ہے کہ آگے چل کر اورسیز بنگلور کا نام روشن کرے۔

## برن آؤٹ پروگرام:

ایچ پارک و اسپورٹس گراونڈ میں سولہواں چالیس روزہ پروگرام جاری ہے جسمیں اہل محلّہ کی ایک کثیر تعداد شرکت کرتی ہے۔ اس پروگرام سے ایسوسی ایشن کو ہر دفعہ فی پروگرام کی بدولت سوا لاکھ روپے کے قریب ایک ڈونیشن ملتی ہے جس سے ایسوسی ایشن کی مالی معاونت ہوتی ہے اور ڈیولپمنٹ کے کچھ کام سوسائیٹی میں ہوجاتے ہیں۔

## آئین میں تبدیلی:

سنہ ۱۹۹۰ کے بعد گزشتہ ایسوسی ایشن نے پہلی بار سنہ ۲۰۱۹ میں آئین میں جنرل باڈی کی منظوری سے تبدیلی کی تھی مگر کچھ کمی رہ گئیں تھی جسکو پچھلے الیکشن میں محسوس کیا گیا اور اتفاق کیا گیا تھا کہ اس کو مزید بہتر کیا جائے گا۔ اسی سلسلے میں موجودہ ایسوسی ایشن اس پر کام کررہی ہے اور جلد جنرل باڈی اجلاس بلوا کر اس میں تبدیلی کو منظور کروانے کی کوشش کی جائے گی۔ اگر کوئی مکین ممبر اس میں کوئی تجویز دینا چاہے تو وہ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سے رابطہ کرسکتا ہے۔

## ممبر شب کارڈ کا اجرا:

اوورسیز پاکستانیز بنگلور ریزیڈنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن (OPBRWA) کے آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت ہر مکین ممبر ہوتا ہے جو اس آرٹیکل میں درج شرائط پر پورا اترتا ہے۔ اس کے لئے ایسوسی ایشن ایک فارم پُر کرواتی ہے

جسمیں مکین اپنی تفصیلات کا اندراج کرواتے ہیں، جسکے بعد ایک ممبر شپ کارڈ جاری کیا جاتا ہے۔ اس ممبر شپ کارڈ پر مکین ممبر کا نام و کوائف موجود ہوتے ہیں اور اسی کارڈ کے پیچھے اگر مکین ممبر چاہتا ہے تو اسکے گھر کے مزید افراد جو ساتھ رہتے ہیں انکے کوائف بھی درج کیے جاتے ہیں۔ اس کارڈ کی بہت اہمیت ہے اور اسی کارڈ کو آیندہ الیکشن میں ووٹ ڈالنے کے لئے بھی استعمال میں لایا جائے گا اور جسکا نام اس کارڈ پر درج ہوگا وہ اپنے گھر کا ووٹ ڈال سکے گا۔

ابتک دوسو کے لگ بھگ مکین یہ کارڈ بنوا چکے ہیں اور باقی مکینوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ بھی اس عمل کو مکمل کروالیں۔

## خزانچی کی تبدیلی:

ایسوسی ایشن کے خزانچی جناب شاہ فیصل صاحب جو F14 میں رہائش پزیر تھے، ایسوسی ایشن سے مستعفی ہو گئے کیونکہ جناب نے اورسیز بنگلوز کو خیر باد کہہ کر لانگ لائف میں سکونت اختیار کرلی۔ ان کے مستعفی ہونے کہ بعد ہماری ایگزیکیوٹو کمیٹی نے کثرت رائے سے اپنے ایگزیکیوٹو کمیٹی کے ممبر جناب ضیاء اختر صاحب کو خزانچی کا چارج سونپ دیا ہے جسکے بعد سے ضیاء بھائی بہت بہترین انداز میں ایسوسی ایشن کے کھاتے نہ صرف مینٹین کررہے ہیں بلکہ اپنی ذمہ داری احسن طریقہ سے انجام دے رہے ہیں اور ماہانہ اکاؤنٹ حسب دستور و پابندی سے اجرا کررہے ہیں۔

## صابر سوئیپر کے ماهانه چارجز میں اضافه:

روز افزوں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور ورکرز کی مالی مشکلات کے پیش نظر اور صابر سوئیپر کی درخواست پر ایسوسی ایشن نے اگست ۲۰۲۳ سے صابر کے گھر گھر سے ماہانہ کچرا اُٹھانے اور گلیوں اور سڑکوں کی صفائی کی مد میں ماہانہ سو روپے کہ اضافہ کی اجازت دے دی ہے۔ جسکے مطابق اب ہر مکین کو کچرہ و صفائی کی مد میں چھ سو روپے ماہانہ کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ یاد رہے کہ پچھلی بار سو روپے کا اضافہ مارچ ۲۰۲۲ میں کیا گیا تھا۔

## اسٹریٹ لائٹ:

اورسیز بنگلوز کی اسٹریٹ لائٹ کی مستقل بنیادوں پر ریپئیر وتبدیلی پر موجودہ ایسوسی ایشن فوری ایکشن لیتی ہے اورمکینوں کی شکایت کے ازالے کے لئے ایک ٹیم رکھی گئی ہے جو بروقت کاروائی کرتی ہے تاکہ کسی بھی جگہ اندھیرے کی شکایت نہ آئے۔ اپنے دور میں ہم نے اسٹریٹ لائٹ کی تعداد بڑھائی ہیں اور جہاں بھی ضرورت محسوس کی جاتی ہے لائٹ میں اضافہ کیا جاتا ہے۔

اسٹریٹ لائٹ کا نظام بہت بوسیدہ ہوچکا ہے اور بار بار اس میں شکایت آتی ہیں، ایسوسی ایشن اس کو بہتر بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اور اس سلسلے میں کنٹونمنٹ بورڈ فیصل کے ساتھ رابطہ میں ہے کہ ایک اچھا سسٹم متعارف کرایا جائے۔

## فلٹر پلانٹ:

فیملی پارک کے ساتھ کنٹونمنٹ بورڈ فیصل کی جانب سے میٹھے پانی کا ایک فلٹر پلانٹ یہاں کے مکینوں کے لیے موجود ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ کی ذمہ داری ہے کہ اس میں نہ صرف مستقل بنیاد پر پینے کا پانی مہیا کرے بلکہ اسکے کارٹیج کی بھی تبدیلی کرتا رہے۔ اکثر کنٹونمنٹ کی پانی کی سپلائی، گاڑی خراب ہونے کے باعث متاثر ہوتی تھی اور مکین پریشان ہوا کرتے تھے لہٰذا ایسوسی ایشن نے واٹر بورڈ کی لائن سے فلٹر پلانٹ کو ایک نیا کنکشن دے دیا ہے جسکے بعد اب پانی کی کمی ختم ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ باہر سے آنے والے لوگ جو رکشہ یا سوزوکی میں اس فلٹر سے پانی لے جایا کرتے تھے انکے داخلہ پر پابندی لگادی گئی ہے تاکہ ہمارے مکینوں کو پریشانی نہ ہو۔

## پانی کے مسائل اور انکا حل:

کافی عرصہ سے اورسیز بنگلور کے مکین پانی کی قلت یا کمی کا شکار ہیں اور خاص کر کچھ بلاک جسمیں A, C, D, F اور Z بلاک کے کچھ گھر شامل ہیں لہٰذا ایسوسی ایشن نے اپنے کونسلر جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب اور وزیر اعلی سندھ کے معاون خصوصی



جناب ظہیر الدین بابر صاحب کی مشترکہ کوشش سے ان بلاک کو نئے سسٹم کے ذریعے پانی مہیا کیا ہے۔A بلاک جسکو باہر سے ایک سسٹم کے ذریعے پانی پہنچایا گیا تھا وہ چھ ماہ چلنے کے بعد فیل ہوگیا لہذا انکے لئے اب ایک نیا سسٹم بنایا جارہا ہے جس سے H بلاک کے کچھ متاثر گھروں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ہماری کوشش ہے کہ پانی ہر گھر تک پہنچے اور اسکے لئے جو کر سکتے ہیں وہ کرتے رہتے ہیں، جبکہ یہ کراچی واٹر بورڈ کی ذمہ داری ہے مگر واٹر بورڈ کا حال سب جانتے ہیں۔

کچھ دن پہلے شریکت الحسین امام بارگاہ کے سامنے اور جبل رحمت فلیٹ کے ساتھ پانی کی لائن لیک ہونے اور پھر اس میں سیوریج کی لائن کا پانی مکس ہونے کی شکایت موصول ہوئیں جسکی وجہ سے ہمارے کچھ بلاک کے مکینوں کو گندہ اور بدبودار پانی ملنا شروع ہوگیا تھا، ایسوسی ایشن کی مسلسل یاددہانی، حبیب صاحب کی مسلسل کوشش اور بابر قائم خانی صاحب کی وساطت سے واٹر بورڈ نے اس لیکیج کو صحیح کیا تاکہ گٹر لائن کے پانی کی ملاوٹ کو روکا جاسکے۔

## سیوریج کی نئی لائن:

ہمارے علاقہ کی سیوریج لائن چالیس سال پرانی ہوگئی ہیں اور انکو بدلنا ضروری ہوگیا ہے اور KWSB اس سے غافل ہے جبکہ انکے علم بھی یہ بات لائی گئی ہے۔

حبیب صاحب کی بدولت کچھ بلاک جسمیں J,K اور P بلاک شامل ہیں انکی نئی سیوریج لائن وفاقی حکومت کے صوابدیدی فنڈ سے ڈلوائی گئیں ہیں۔ کوشش ہے کہ باقی بھی بدلی جائیں۔ سندھ حکومت کے ذریعے گیٹ نمبر 1 کے ساتھ راڈو پوسٹ سے غازی فوڈ تک کی لائن بھی تبدیل ہوچکی ہے۔



## سید مصطفیٰ جمال کی رحلت:

ہماری ایگز یکیوٹو کمیٹی کے ممبر سید مصطفیٰ جمال جو مسز کرن جمال سمینہ کے شوہر تھے ایک طویل علالت کے بعد اپریل ۲۰۲۳ میں انتقال کر گئے اور انکی رحلت سے ہماری کمیٹی میں اور محلّہ میں ایک خلا پیدا ہو گیا ہے۔ جمال صاحب بہت ہی نفیس اور دھیمی طبیعت کے حامل انسان تھے اور ایک عرصہ سے اوور سیز بنگلوز میں رہائش پزیر تھے۔




## سکیورٹی:

سکیورٹی ٹیم جسمیں ندیم ملک، مسعود حسن صدیقی، وکیل جان اور مسعود اختر شامل ہیں مسلسل کوشش کرتی رہتی ہے کہ ہمارے سکیورٹی سسٹم کو بہتر سے بہتر کیا جائے۔ سکیورٹی کی مد میں جو اقدام اُٹھائے گئے انکی تفصیل درج ذیل ہے:-

- ہر ڈارک اسپاٹ کو روشن کرنے کے لئے لائٹ کا اضافہ کیا گیا۔
- پورے علاقہ میں ساڑھے تین سو کیٹ آئیز لگائی گئیں۔
- گیٹ نمبر ایک اور دو پر نئے وزیٹر پاس بنوائے گے ہیں اور وزیٹر پاس کے لئے دو نئے بورڈ لگوائے گئے ہیں۔
- دھوپ سے بچاؤ کے لئے گارڈ و چوکیداروں کے لئے چھتری لگوائی گئ۔
- تمام اسپیڈ بریکر کی مسلسل مرمت و رنگ کیا جاتا ہے۔
- گیٹ نمبر دو پر مہمان حضرات اور مکینوں کی انٹری لائن کے لئے نیا بورڈ آویزاں کیا گیا ہے۔
- پورے علاقہ میں CCTV کیمروں کی تعداد میں مسلسل اضافہ کیا جاتا ہے جسکی تعداد اب تک 34 ہو گئی ہے۔
- فائر بریگیڈ اسٹیشن کی دیوار کے ساتھ ایک نئ چوکی لگوائی گئی ہے جس پر ایک چوکیدار کی ڈیوٹی ہے جو دیوار کے ساتھ اور باہر کی روڈ کی حفاظت پر مامور ہے۔

وقتاً فوقتاً درختوں کی تراش کی جاتی ہے تا کہ کیمروں کے لئے روشنی میں رکاوٹ کو دور کیا جائے۔

## عید کی نماز کا ایچ پارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں بندوبست:

ہر سال کی طرح اس سال بھی عید الفطر و عید الاضحیٰ کی نمازوں کا اہتمام ایچ پارک و اسپورٹس گراؤنڈ میں کیا گیا۔ پچھلے سالوں کے تجربہ کی وجہ سے اس سال صفوں کو حتی الامکان سیدھی ممکن بنانے کے لیے ڈوری اور چونے کی مدد سے لائن کھچی گئی تھیں تاکہ نمازیوں کو صف بندی میں مشکل نہ پیش آئے۔ ٹریفک کی روانی کے لئے بھی سیکیورٹی ٹیم نے بہت بہتر کارکردگی دکھائی اور چند منٹوں میں ہی ٹریفک بغیر کسی دشواری کے نکل گیا۔ عید گاہ کے سارے انتظامات میں مسعود حسن صدیقی صاحب کی رہنمائی میں باقی ممبران نے بھی بھرپور ساتھ دیا۔





## عیدالاضحی پر صفائی کہ انتظامات:

ہمیشہ کی طرح امسال بھی عید الاضحیٰ پر بہترین صفائی کے انتظامات کیے گئے تھے جسکے لئے ایک پرائیویٹ سوزوکی اور ٹرک کا بھی بندوبست کیا گیا تھا جبکہ صابر اور اسکی ٹیم مسلسل عید کے تینوں دن صبح سے لیکر رات تک اوجڑی کو اُٹھوانے اور ٹھکانے لگانے کے ساتھ ہر اس جگہ پر جہاں جانور قربان ہوا تھا پر چونا چھڑکنے میں مصروف دکھائی دی۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے ممبران جنکو مخصوص بلاک کی ذمہ داری سونپی گئی تھی وہ بھی تینوں دن صفائی کے عمل کو مسلسل مانیٹر کرتے رہے جبکہ مکین فوری اور سینر کے واٹس ایپ گروپ پر اطلاع دیتے نظر آئے اور صفائی کمیٹی نے اس پر فوری ایکشن کیا۔ قربانی کہ تین دنوں کہ بعد





صابر اور اسکی ٹیم نے فوری علاقہ کی صفائی کا انتظام سنبھال لیا تھا اور دو تین دن میں پورے علاقہ کو ایسا چمکا یا کہ پتہ ہی نہیں لگا کہ یہاں قربانی ہوئیں تھی۔ ہم صابر اور اسکی ٹیم کہ بہت مشکور ہیں جس نے اتنی بہترین کارگردگی دکھائی۔ ایسوسی ایشن نے صابر اور اسکی ٹیم کو اس بہترین کارگردگی پر انعام سے نوازا ہے۔

## بینک اسلامی کا ایک روزہ پروگرام:

۱۲ جولائی کی شام بینک اسلامی کی جانب سے ایک روزہ معلوماتی اسٹال ایچ پارک میں لگایا گیا تا کہ مکینوں کو اسلامی بینکاری کی آگاہی دی جاسکے اور اسلامی بینک میں اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ کار بتایا جائے۔

بینک اسلامی کے اسٹاف کو ہماری سوسائیٹی بہت پسند آئی اور انکے گروپ ہیڈ نے خواہش کا اظہار کر دیا کہ بینک اسلامی اور سیز بنگلوز میں اپنی برانچ کھولنا چاہتا ہے۔ اس سلسلہ میں انکے ایک وفد کی ایسوسی ایشن سے ملاقات بھی ہوئی ہے۔ ایسوسی ایشن اس پیشکش پر غور کر رہی ہے اور ممبران کی رائے کہ مطابق جواب دے گی۔ مکین ممبران بھی ایسوسی ایشن کو اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

## ظہیر الدین بابر برائے معاون خصوصی:

بابر قائم خانی بھائی اوور سیز بنگلوز کی ہر دلعزیز شخصیت ہیں اور اپنے سیاسی قدامت کی وجہ سے ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ بابر بھائی حال ہی میں وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی بنے ہیں جو اور سیز مکینوں کے لئے ایک اعزاز و وقار کی بات ہے اور ہم دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ بابر بھائی ہمیشہ کی طرح اپنے علاقہ کی فلاح کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ ہمارے پانی وسیوریج اور دیگر معاملات کے لئے انکی کاوش کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ ہماری ایسوسی ایشن پر اور اوور سیز بنگلور پر انکے احسانات ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ انکو دین و دنیا کی نعمتوں سے نوازے آمین۔



## وومنز ڈے/یوم خواتین:

ہر بدھ دن کے ۲ سے ۴ بجے تک ایسوسی ایشن آفس خواتین کے لئے مختص ہے جہاں محلّہ کی خواتین اپنے مسائل آکر ہماری ہر دلعزیز ممبر خاتون مسز کرن جمال ثمینہ اور انکی ساتھیوں کے ساتھ سلجھانے کی کوشش کرتی ہیں۔ اسکے ساتھ خواتین اس دن بچوں اور خواتین کے لئے سماجی سرگرمی سے متعلق پلان بھی تیار کرتی ہیں، یہ ایک اچھی کاوش ہے جو کرن باجی نے اُٹھائی ہے مگر کیونکہ آجکل وہ عدت میں ہیں لہٰذا کچھ عرصہ سے یہ ایکٹیوٹی بند ہے اور ہمیں امید ہے کہ جلد یہ ایکٹیوٹی دوبارہ بحال ہوگی اور بدھ کی رونقیں لوٹ آئیں گی۔

کرن باجی کی اس سوسائیٹی میں بہت خدمات ہیں اور خواتین اپنے کئی مسائل کے حل کے لیے ان سے رجوع کرتی ہیں۔ اللہ کرن باجی کو ہمت و استقامت دے اور انکو انکے شوہر کے انتقال پر صبر جمیل عطا کرے آمین۔ ایسی نفیس، ملنسار

اور رحم دل خاتون ہماری سوسائیٹی کے لئے باعث تقویت ہیں۔

## پروگرام یوم آزادی:

یوم آزادی کی ایک پُر وقار تقریب کا اہتمام نسیم احمد خان فیملی پارک میں کیا گیا تھا۔حسب روایت پر چم کُشائی کی گئی اور چودہ اگست سے متعلق کچھ مکینوں نے اپنے تاثرات کا اظہار بھی کیا۔مکینوں کی عدم دلچسپی پر تشویش ہوتی ہے لہٰذا ہماری گزارش ہے



کہ ایسی تقریبات میں مکین اپنی اور اپنی فیملی کی شرکت کو یقینی بنائیں اور قومی دن کی اہمیت کا احساس دلائیں۔ہم ان خوش نصیب ممالک کا حصہ ہیں جو آزاد ہواؤں میں سانس لے رہے ہیں۔اللہ ہمارے ملک کو سلامت رکھے اور دشمن کی میلی نظروں سے محفوظ رکھے آمین۔




ایسوسی ایشن نے حال ہی میں اور سیز بنگلور کا نقشہ ایچ پارک کے ساتھ لگوایا ہے جس کی مدد سے مہمان حضرات کو مکانوں کی تلاش میں آسانی ہوگئی ہے۔انشاء اللہ جلد اسی طرح کا ایک اور نقشہ فیملی پارک کے ساتھ لگانے کا ارادہ ہے۔




ایچ پارک و اسپورٹس گراؤنڈ کی خوبصورتی کو بڑھانے کے لئے ایک سائن بورڈ بنوا کر لگوایا ہے۔

گیٹ نمبر۲ پر مکین اور مہمان حضرات کی الگ لین کے لئے منفرد دو خوبصورت سائن بورڈ بنوا کر لگوایا گیا ہے۔




**انتقال پر ملال (۲۰۲۲)**

| نمبر شمار | نام | مکان نمبر | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| ۱ | زوجہ عبدالوحید خان | D-2 | 10-02-2022 |
| ۲ | محمد یعقوب | M-16 | 19-02-2022 |
| ۳ | محمد انیس شیردانی | M-5 | 22-02-2022 |
| ۴ | عبدالوحید خان | D-2 | 01-05-2022 |
| ۵ | آصف ریاض | F-18 | 19-06-2022 |
| ۶ | والدہ فرخ شاہین | P-08 | 24-08-2022 |
| ۷ | والدہ نسیم چوہدری | A-4 | 25-08-2022 |
| ۸ | انیس حسن قادری | H-35 | 18-09-2022 |

**انتقال پر ملال (۲۰۲۳)**

| نمبر شمار | نام | مکان نمبر | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| ۹ | ڈاکٹر ناصر کی کزن | B-16 | 22-03-2023 |
| ۱۰ | سید مصطفیٰ جمال | E-13 | 17-04-2023 |
| ۱۱ | خواجہ مسعود کی والدہ | D-15 | 22-04-2023 |
| ۱۲ | جاوید عارف | K-17 | 06-05-2023 |
| ۱۳ | محمد ایاز خان | Z-5/2 | 20-05-2023 |
| ۱۴ | عارف مسعود انصاری | K-20 | 06-07-2023 |

## نسیم احمد خان فیملی پارک:

ہمارے وائس پریسیڈینٹ جناب تنویر احمد صاحب کی انتھک محنت اور مسلسل دلچسپی کی بدولت فیملی پارک روز بروز خوب سے خوب تر ہو رہا ہے۔ فیملی پارک کی خوبصورتی وہاں لہلہاتے موسمی پھول اور دلکش پودے اپنی مثال آپ ہیں اور یہ سب ہمارے تنویر بھائی کی محنت اور ایسوسی ایشن کی توجہ کی بنا ممکن ہوا ہے۔

فیملی پارک کے لئے پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لئے پرانے بور کو دوبارہ بحال کیا گیا ہے جبکہ ایک نئ پانی کی لائن کا کنکشن بھی مہیا کیا گیا ہے۔ پارک کے اطراف تین کونوں کو بھی دلکش بنایا گیا ہے۔ اسکے ساتھ Z5/12 کے رہائشی جناب فہیم درانی صاحب کے گھر کے کونے کو بھی پھولوں سے سجایا گیا ہے جس سے فیملی پارک کے اطراف کا سارا ماحول بہت خوبصورت ہو گیا









ہے۔فیملی پارک کے لئے بھی کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف ایک مالی مہیا کیا گیا ہے جبکہ ایک مزید مالی ایسوسی ایشن کی تنخواہ پر ہے۔ فیملی پارک میں جاگنگ اور واکنگ کرنے والوں کی سہولت کے لئے ایک بورڈ بھی آویزاں کیا گیا تا کہ جاگنگ ٹریک کا فی چکر فاصلہ بھی معلوم ہو سکے۔

## ایچ پارک و اسپورٹس گراؤنڈ:

ایچ پارک ہماری سوسائیٹی کی آن بان شان ہے اور جب سے سابقہ وفاقی حکومت نے اورسیز کے مکینوں کو یہ تحفہ دیا ہے موجودہ ایسوسی ایشن نے اسکی دیکھ بھال میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ایچ پارک کی تزئین و آرائش اور دیکھ بھال و مینٹیننس کی ذمہ داری شروع ہی سے ندیم ملک کے سپرد ہے اور انھوں نے بہت خوب یہ ذمہ داری نبھائی ہے۔اس پارک کی گھاس شروع

دن سے بورنگ کے پانی سے مینٹین کی جارہی ہے اور حالیہ دور میں ایک نیا بور کروایا گیا ہے جسکے بعد اب ایچ پارک میں تین بورنگ ہوگئی ہیں۔ کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے ایچ پارک کے لئے ایک مالی مہیا کیا گیا ہے جبکہ مزید ایک مالی اور کیئر ٹیکر ایسوسی ایشن نے مہیا کیا ہوا ہے کیونکہ اتنے بڑے پارک کے لئے ایک مالی نا کافی ہے۔

حالیہ دور میں ایچ پارک میں مزید کچھ کام کروائے گئے ہیں جسکی تفصیل درج ذیل ہے:






- جہاں کہیں پارک میں گھاس کھیل کود کی وجہ سے خراب ہوئی اسکو دوبارہ لگوایا گیا۔
- گھاس کے لئے پانی کی کمی کو پوری کرنے کے لئے ایک نیا بور کروایا گیا۔
- پورے پارک کے جاگنگ ٹریک کے گرد اور دیواروں اور پیور پر فریش پینٹ کروایا گیا۔
- مکینوں کی سہولت کے لئے نئ بینچ لگوائی گئیں جسکے بعد اب انکی تعداد ۳۰ ہوگئی ہے۔ اسکے ساتھ کچھ بینچ لکڑی کی بھی بنوا کر لگائی گئی ہیں۔
- جاگنگ اور واکنگ کرنے والوں کی سہولت کے لئے ایک بورڈ بھی آویزاں کیا گیا تا کہ جاگنگ ٹریک کا فی چکر فاصلہ بھی معلوم ہو سکے۔
- ایچ پارک میں فلڈ لائٹ کی تعداد کو دگنا کیا گیا ہے تا کہ نائٹ میچ کھیلنے والوں مزید روشنی مہیا ہو سکے۔